Page No-1

بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان صاحب، اسلام آباد

اعتراضات برحلقہ بندی جدید تشکیل کردہ NA-90 ضلع سرگودھا

27/03/18

جنابِ عالی! اعتراضات حسب ذیل ہے

1۔ یہ کہ سائل اُمیدوار برائے ممبر قومی اسمبلی حلقہ NA-90 ضلع سرگودھا کا ہے جبکہ حلقہ مذکورہ جدید تشکیل کیا گیا ہے۔ جو کہ ہرگز مطابق پٹوار سرکل نہ ہے جس میں مندرجہ ذیل تضاد ہے۔

i۔ یہ کہ چک نمبر 49 شمالی جو کہ ہیڈکوارٹر چکوک نمبران 49,48 اور 88 پر مشتمل ہے۔ جبکہ چک نمبر 49,48 کو حلقہ NA-90 میں شامل کئے گئے اور چک نمبر 88 شمالی کو NA-90 سے نکال دیا گیا ہے۔ حالانکہ مطابق قانون پٹوار سرکل کو ایک ہی حلقہ میں رکھا جانا ضروری ہے۔ کیونکہ پٹوار سرکل کہ رہائشی لوگوں کے جملہ معاملات مشترک ہونے کے نسبت ایک ہی پٹوار سرکل چک 49 شمالی سے وابستہ چلے آرہے ہیں۔ چک نمبر 88 شمالی کو پٹوار سرکل سے نکال کر دیگر حلقہ NA-91 میں شامل کرنے سے چک مذکورہ کے باسیوں کو قانونی مسائل و جائیداد کے معاملات میں پیچیدگیوں کا سامنا رہے گا۔

ii۔ یہ کہ چک نمبر 88 شمالی مذکورہ سائل کے حلقہ سے بالکل ملحقہ ہے۔

iii۔ چک نمبر 40 پٹوار سرکل کا کچھ حصہ کارپوریشن سرگودھا سٹی میں شامل ہے اور شہر سرگودھا کے ساتھ ملحق ہے۔ پٹوار سرکل 40 ش بائی پاس سرگودھا حدود کے اندر واقع ہے۔ ویسے بھی حلقہ NA-90 کا تمام ایریا BY PASS یعنی Ring Road کے اندر واقع ہے۔

iv۔ یہ کہ موضع دھریمہ جو شہر سرگودھا سے 15 کلومیٹر کی مسافت پر ہے اور دیہی علاقہ ہے جس کو NA-90 وسط شہر سرگودھا میں شامل کیا گیا ہے جبکہ موضع دھریمہ NA-91 میں شامل کیا جانا چاہیے تاکہ ملحقہ چکوک کے عوام اپنے رسم و رواج کے مطابق اپنے معاملات طے کرسکیں۔ ان تینوں چکوک 88 ش، 40 ش، 43 ش کی آبادی 16,488 اور دھریمہ کی آبادی 18,447 پٹوار سرکل کے تقریباً برابر ہے۔

v۔ چک نمبر 40 ش پٹوار سرکل کے بدلے میں چک نمبر 42 جنوبی پٹوار سرکل حلقہ NA-89 میں شامل کیا جائے جو فطری طور پر NA-89 کا حصہ ہے اور ان دونوں کی آبادی تقریباً برابر ہے۔ سو حلقہ NA-89 اور NA-90 کی آبادی میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

vi۔ دھریمہ شہر PP-73 میں شامل کیا جائے کیونکہ PP-73 کی آبادی 3,60,836 اور دھریمہ کی آبادی 18,447 ہے دونوں کو جمع کرنے سے ٹوٹل آبادی 3,79,282 ہو جائے گی جو دوسرے حلقوں کے برابر ہے۔ ماڑی کے دوسرے پٹوار سرکل بھی اسی حلقے میں شامل ہیں۔ (تینوں NA اور PP میں تبدیلی تجاویز کا چارٹ ساتھ لف ہے)

العارض

بلاک کوڈ (132150402) سلسلہ نمبر 378

محمد ممتاز اختر کاہلوں اُمیدوار NA-90 ضلع سرگودھا (ایڈرس۔ 110 اسٹیڈیم روڈ سرگودھا)

موبائل نمبر: 0306-4708383 / 0321-9998383

M. Muaz